ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - ICS Part 2 Urdu Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں -

Ans 1: خواہ مخواہ: بلاوجہ- وہم : گمان، شک- جبشدینا: حرکت دینا- ٹکٹکی باندھے دیکھنا- نظریں جماکر مسلسل دیکھنا بیگار سمجھ ہی ہیں : بغیر اجرت کے کام زبردستی کا کام سمجھ رہی ہیں.

Q2. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں -

Ans 1: زمے دار: جواب دہ ، ضامن- فرض شناس: زمہ داری کا احساس کرنے والا- کچھ سوجھتا ہی نہیں: اور کسی اور طرف دھیان نہیں جانا-برساتی: بارش سے بچنے کے لیے خاص کوٹ

Q3. سبق دستک کا مرکزی خیال بیان کریں.

Ans 1: مرکزی خیال: اوائل عمر میں تو انسان کو اپنی غلطیوں یا گناہ کا احساس نہیں ہوتا مگر وقت گزرنے کے ساتھ غلطیوں اور گناہ کا احساس دماغ پر بوجھ بنتا چلا جاتا ہے- اور ضمیر بار بار دل کے دروازے پر دستک دیتا ہے.

Q4. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں -

Ans 1: بدستور؛ مسلسل، حسب سابق- پریکٹس: ڈاکٹری مشق، روز مرہ کا کام، بخوبی چلنا- سر کھجانے کی فرصت: زرا بھر فارغ وقت- ڈسپنسری: چھوٹا ہسپتال-تنتا بندھا رہتا : بھیڑ لگی رہتی- منت سماجت کرنا: عاجزی سے التجا کرنا

Q5. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں -

Ans 1: کال بیل: برقی گھنٹی- بے اعتباری: بے یقینی- واہے کا شکار ہونا: وہم اور وسوسے میں پڑجانا، شک میں پڑنا- حقیقت پسند: سچائی کو تسلیم کرنے والا- اصرار؛ ضد-بے اختیار: بے بس، بے قابو-خیال میں غرق:خیال میں کھویا ہوا.

Q6. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں-

Ans 1: فرصت: فارغ وقت- مصروف: کام میں کھویا ہوا-تمپریچر لینا: تھر مامیٹر سے بخارکا اندازہ کرنا- انجکشن ٹیکا ناغہ کرنا: چھٹی کرنا-سیرپ: شربت-ٹرے: سامان کی کشتی، سینی طباق- پراسرار : بھیدوں بھیر راز دارانہ

Q7. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں-

Ans 1: گاؤ تکیہ: بڑا تکیہ جس سے ٹیک لگاکر بیٹھتے ہیں. فرنچ کٹ ڈاڑھی: ایک خاص وضع کی ڈاڑھی میں کلوں کے بال تراش دیتے اور صرف تھوڑی کے بال کسی قدر بڑھالیتے ہیں. نقاہت: کمزوری- نمایاں:ظاہر، عیاں - تیز وبند: زعر زور سے- مستقل؛ مسلسل- شال: اورن یا ریشم کی چادر- یکایک: اچانک، ایکاایکی- ورق گردانی کرنا: ورق الٹ پلٹ کرنا، سرسری طور پر دیکھنا- دستک : دروازہ بجانا

Q8. مشکل الفاظ کے معنی تحریر کریں -

Ans 1: مایوس : ناامید- ضمیر: اندر احساس ، لاشعوری احساس- اضافہ کرنا: زیادہ کرنا- ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا: بے بسی سے تڑپ تڑپ کر جان دینا- شب بخیر: خدا کرے ، رات بخیریت گزر جائے.

Q9. سبق دستک کا تعارف و پس منظر بیان کریں.

Ans 1: میرزا ادیب کا اصل نام دلاور علی تھا. وہ 1914 میں لاہور میں پیدا ہوئے اور یہیں سے تعلم پائی - میرزا ادیب نے ابتدا میں شاعری بھی کی لیکن ان کا اصل میدان افسانہ اور ڈراما ہے. ان کی تصانیف کی تعداد دو درجن سے زیادہ ہے. چند تصانیف صحرا نورد کے رعمان ، صحرا نورد کے خطوط، ننگل ، کمبل، لاوا، آنسو اور ستارے، لہو اور قالین ، ستوں، فصیل شب، شیشے کی دیوار، خوابوں کے مسافر حست تعمی، ناخن کا قرض ، مٹی کا دیا. میرزا ادیب کا شمار اردو کے چوٹی کے ڈراما نگاروں میں ہوتا ہے. میرزا ادیب کی کاوشوں کا بڑا دخل ہے.

Q10. سبق دستک کا خلاصہ تحریر کریں -

Ans 1: ایک تندوتیز طوفانی رات میں ادھیڑ عمر ڈاکٹر زیدی، بستر علالت پر لینے ہیں. ان کے چہرے سے نقابت عیاں ہے. باہر بارش شروع ہوچکی ہے اور ہوا کا شور بڑھ گیا ہےاور ڈاکٹر زیدی کو کسی طور جین نہین. وہ دستک کی آواز پر کان لگائے ہوئے ہیں - بیگم کے بار بار ترید پردہ تھلا اٹھتے ہیں. بیکم اٹھ کر دروازے تک جاتی اور پردہ ہٹاکر دیکھتی اور واپس آکر دستک ہونے کی تردید کرتی ہیں. ڈاکٹر صاحب اسے مشکوک نظروں سے دیکتھے ہیں اور یقین نہین کرتے. بیگم انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیتے ہوئے لیٹ جامے کو کہتی ہیں.

Ans 2: ڈاکٹر زیدی ، نوجوان داکٹر برہان کی متوقع آمد کا زکر کرتے ہوئے، اس کی فرض شناسی اور کام سے لگاؤ کی تعریف کرتے ہیں مگر ان کا دھیان پھر دروازے پر دستک کی طرف جاتا ہے. اتنے میں برقی گھنٹی بج اٹھتی ہے-بیگم زیدی اٹھ کر دروازہ کھولتی ہیں. " نوجوان ڈاکٹر برہان نے ڈاکٹر زیدی اوران کی بیگم کو یہ بتاکرحیرت زدہ کردیا کہ " وہ بوڑھا میرا دادا تھا او اس کا جواں سال بیٹا جو ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مررہا تھا- وہ میرا باپ تھا".